کے نتیجے میں کشمیر ایک شگوفہ زار بن گیا۔ اور ان شگوفوں کی خوشبو دُور دراز کے اطراف کو معطّر کرنے لگی۔ ایرانی شعرا جو مغلیہ دربار سے منسلک تھے۔ کشمیر کی ظاہری اور علمی و ادبی جاذبیت سے متاثر ہوکر یہیں کے ہوکر رہ گئے۔ حاجی محمد جان قدسی طغرائی مشہدی، محمد قلی سلیم، مرزا ابوطالب کلیم اور میر الٰہی جیسے بلند پایہ فارسی شاعر کشمیر آکر کشمیر میں ہی رہے اور یہیں پر دفن بھی ہوئے۔ مغلیہ عہد میں جو شعرا تذکرہ نویس فقہا، علماء اور مورخ کشمیر کی خاک سے اُٹھے اُن کی فہرست طویل ہے۔ لیکن یہ کہنا لازمی ہے۔ کہ ان شعرا میں بعض ایسے بھی گذرے ہیں۔ جن کا آسانی کے ساتھ ایرانی شعرا سے مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ مُلّا محسن فانی جہاں شہرۂ آفاق دبستان المذاہب کے مصنّف کے نام سے معروف ہے وہاں فارسی کے بلند درجہ شاعر کی حیثیت سے بھی اُن کا مقام معیّن ہے۔ غنی کشمیری نے صائب جیسے کہنہ مشق فارسی شاعر کو متاثر کیا تھا۔ اور صائب اور غنی کے درمیان کشمیر میں مشاعرے بھی ہوا کرتے تھے۔ پنڈت چندر بھان برہمن شاہجہانی دور کا کشمیری برہمن فارسی شاعر محتاجِ تعارف نہیں۔ میرزا داراب جویا، کامران بیگ گویا (دو بھائی)، حاجی محمد اسلم سالم، میرزا اکمل الدین بیگخان کامل محمد رضا مشتاق مغلیہ عہد میں کشمیر کے فارسی ادب کے آسمان کے درخشان ترین ستارے شمار کئے جاتے ہیں۔

کشمیر نے فارسی خطا طول خوشنویسوں اور کُتبہ نویسوں کو بھی جنم دیا ہے۔ جنہوں نے اس مخصوص فن میں بڑی استادی و ہنرمندی کا

ثبوت دیا ہے۔ چنانچہ کئی اہم تذکروں میں اُن کا ذکر آیا ہے۔
ہندوستان میں ایران کے سابق سفیر نے اپنی تصنیف "نقش باری بر امجارہ میں کشمیر کے اَن خوشنویسوں اور کتبہ نویسوں کا ذکر کیا ہے اور اُن کے فن کو سراہا ہے۔

افغان عہد میں مُلّا توفیق، ملّا متین، پنڈت دیا رام کاچرو۔ بھوانی داس کاچرو۔ محتشم خان فدا، سامی، سعد اللہ شاہ آبادی۔ سکھوں کے دور میں مُلّا بہاء الدین متو، مکند رام، بیربل کاچرو وارستہ، انند رام بیخود، حمید اللہ شاہ آبادی، امیر الدین پکھلیوال اور ڈوگرہ عہد میں راج کاک در۔ ست رام بقایا، دیوان کرپا رام، طوطا رام برہمن، ٹیکا رام کول، حافظ غلام رسول شیدا۔ پیر حسن شاہ کوبہامی وغیرہ جیسے مؤرخ، ہجو نگار شاعر، مثنوی گر، تذکرہ نویس اور ادیب گذرے ہیں۔ جنہوں نے اپنی شیدا نگار تصانیف سے فارسی ادبیات میں نام پیدا کیا۔ اور اپنے قلم معجز آثار سے فارسی زبان و ادب کے شائقین کے لئے وہ بے بہا نسخے فراہم کئے۔ جن کی وجہ سے کشمیر نے فارسی ادب کی دُنیا میں ایک خاص مقام پیدا کر لیا ہے۔
فارسی زبان کشمیریوں کے لئے ایک بیگانہ زبان تھی۔ لیکن فارسی زبان کو کشمیریوں نے بلا کسی تعصب کے اپنایا۔ اس زبان میں کشمیریوں کو عرفانی روایات کے پیش نظر فلسفہ بھی ملا اور عرفان کی چاشنی بھی ملی۔ اس زبان میں اپنے طبعی ماحول کے پس منظر میں گُل و بُلبل کا تذکرہ بھی ملا۔ اور شیرینی بھی ملی۔ براہمن مذہب شاعروں نے الیشور کی تعریف میں فارسی بحروں اور فارسی زبان میں لیلائیں لکھیں۔ اور اسلام مذہب مسلمان شاعروں نے اس زبان میں خدا کی حمد لکھی۔ سنسکرت دان پنڈت مصنفوں نے فارسی زبان میں تذکرے لکھے۔ اور عربی دان مسلمان ادیبوں نے

اسی زبان میں تاریخیں لکھیں۔ آج جبکہ اس زبان کا وہ چرچا نہیں رہا کشمیر میں آج بھی پنڈت اور مسلمان گھرانوں کے معمر بزرگ فارسی دان موجود ہیں۔ جو دیوان حافظ، گلستان سعدی اور دیوان غنی کے اشعار موزوں و مناسب موقعوں پر گنگناتے ہیں۔ آج بھی کشمیر کے حتیٰ ناخواندہ مسلمان بھی مسجدوں میں فارسی نعتیں اور منقبت پڑھتے ہیں۔ صوفیانہ موسیقی میں آج بھی حافظ شیرازی کے نغمے سرِفہرست ہیں۔ اور شیراز کے حافظ لسان الغیب کے چھ سو سال پرانے اس شعر کی آج بھی تصدیق ہوتی ہے۔ کہ ؎

بشعرِ حافظ شیراز میگویند و می رقصند۔ سیاہ چشمانِ کشمیری و ترکانِ سمرقندی

فارسی میں ہماری روایات زرخیز ہیں۔ آج بھی فارسی کے کہنہ مشق معمر شاعر کشمیر میں موجود ہیں۔ جن کا کلام گو کتابی صورت میں چھپا نہیں ہے۔ لیکن اپنے سٹائل میں جداگانہ حیثیت رکھتا ہے۔ فارسی زبان و ادب کی تعلیم و تدریس نہ صرف کالجوں میں جاری ہے۔ بلکہ یونیورسٹی میں بھی فارسی ایم۔ اے کلاسز کھل گئی ہیں۔ اور کشمیر کے فارسی ادب پر تحقیقی کام بھی جاری ہے۔ جدید فارسی ادب کی بھی یونیورسٹی میں تدریس کی جاتی ہے۔ اور تحقیقی مقالہ لکھنے والے طلبا جدید فارسی زبان میں بھی اپنے مقالے لکھتے ہیں۔

علمی اور ادبی پہلو سے ہٹ کر ہماری زبان بھی فارسی زبان سے بہت حد تک متاثر ہے۔ چنانچہ کشمیری زبان میں متداول بہت سے محاورے روزمرہ اور ضرب المثال بعینہٖ فارسی سے آئے ہیں اور اُسی لب و لہجے میں آج کشمیر اور ایران دونوں جگہوں پر ایک ہی معنی میں استعمال ہوتے ہیں۔

از دینا ناتھ نادم

ہندوستانی سیکولرازم میں کشمیر کا حصہ

۱۹۶۶ء میں مجھ سے دہلی میں چند دانشوروں نے سوال کیا۔ کہ کشمیر کی مثالی رواداری اور انسان دوست کردار کے پس پُشت کون سا راز ہے؟ میں نے بھانپ لیا۔ کہ اشارہ اُن واقعات کی جانب تھا۔ جو ۱۹۴۷ء اور ۱۹۶۵ء میں وادی میں رُونما ہوئے۔ جبکہ انتہائی اشتعال کے باوجود ہماری انسان دوستی اور رواداری کی بنیادوں میں کوئی خلل نہ آیا۔ نہ ہندو مُسلم اتحاد میں کہیں دراز پڑ سکی۔ میں نے اختصار میں انہیں کہہ دیا۔ کہ اس کا جواب وتستا دے سکتی ہے۔ جو ہزاروں سال سے ہمارے بیچوں بیچ بہتی چلی آ رہی ہے۔ میرے جواب کو شاعرانہ نازک خیالی سمجھ کر وہ اپنی تشنگی کا اظہار کرنے لگے۔ جس پر میں نے اُن کے سامنے ایک معمولی سی حقیقت پیش کی۔ اُس حقیقت کو بیان کرتے ہوئے میں اس مقالے کو شروع کر رہا ہوں۔ سری گوپھوارہ یہاں سے کوئی ۳۸ میل کے فاصلہ پر تحصیل اننت ناگ میں ایک گاؤں ہے۔ لدر ندی کے کنارے ایک دِلفریب گاؤں ہے اور وہاں ایک خانقاہ ہے۔ جس کے اندر ایک گُپھا ہے۔ مٹّن کے عین مقابل ہونے کے کارن اس کو سری گُپھا کے نام سے پُکارا جاتا ہے۔ کیونکہ مارتنڈ مندر کے بالمقابل ہے۔ گُپھا کے اندر ایک چشمہ ہے۔ اور چشمہ ایک بہت بڑی چٹّان سے ڈھکا ہُوا ہے۔ چند سال پہلے جب میں وہاں پہنچا۔ تو مجھے ایک اہم سوال کا جواب دستیاب ہُوا۔ اور وہ سوال تھا۔ کہ کشمیر میں پرستش کن کن مراحل سے گذر کر

موجودہ شکل اختیار کر چکی ہے۔ یہ سوال میرے دماغ میں بہت عرصہ سے چلتا رہا۔ ہم چٹانوں کو بھی پوجتے ہیں۔ مورتیوں پر بھی پھول چڑھاتے ہیں۔ چشموں کی بھی پرستش کرتے ہیں۔ زیارتوں کی یاترا بھی کرتے ہیں۔ آستانوں کو بھی چومتے ہیں۔ اور خانقاہوں میں بھی عبادت کرتے ہیں۔ چنانچہ سری گوکھوارہ میں ان سب مراحل کو میں نے ایک جگہ پا لیا۔ اور مجھے ذہنی تسکین حاصل ہوئی۔

راج ترنگنی اور تیرتھ مہاتمیوں کے مطالعہ سے یہ بات ظاہر ہے۔ کہ اوّلین زمانے میں ہم نے یہاں "سنئویم بھو" یعنی جو خود بنا ہو۔ اس کی پرستش شروع کی۔ ابھی بھی امرناتھ کھیر بھوانی۔ شری چکر، رینچہ ہامہ، سویم تیرتھ اور دھیانیشور اسی بات کی دلالت کرتے ہیں۔ کہ ہم خود پیدا شدہ چٹانوں اور قدرتی عجوبوں کی پوجا کرتے آئے ہیں۔ ناگوں کے زمانے میں ہم نے چشموں کی پرستش شروع کی۔ اُس کے بعد بودھ زمانے میں ہم نے مورتیاں پوجنا شروع کیں۔ شیو دھرم کے نرگن واد کو اپنا کر ہم لنگ کو پوجتے رہے۔ اور اسلام کے زیر اثر جب کشمیر میں رشی واد نے جنم لیا۔ تو ہم خانقاہوں اور آستانوں کی اور جھک گئے۔ مگر سب سے عجیب بات یہی ہے۔ کہ یہ تمام طرز عبادت ابھی بھی موجود ہیں۔ اور ہر دھرم اور مذہب کے لوگ کشمیر میں ان سب طریقوں کو احترام سے اپنائے ہوئے ہیں۔ کوئی شخص بھی کسی ایک کی تحقیر گوارا نہیں کر سکتا۔ خواہ اس کا مذہب یا عقیدہ ان باتوں کا قائل نہ ہو۔ ہمارا سری گوکھوارہ ہمارے کردار کا سمبل ہے۔ اور ہماری انسان دوستی۔ رواداری اور بھائی چارہ کی نشاندہی کرتا

ہے۔ اور اس کی گواہ وِتستا کی ترنگنی بھی ہے۔ اور مشہُور عالم قدیم تاریخ راج ترنگنی بھی۔

ویسے تو سیکولرازم کا تصوّر زیادہ پُرانا نہیں۔ اس کی موجُودہ تفسیر پنڈت نہرو نے یُوں کی ہے۔ کہ یہ کوئی مذہب نہیں۔ نہ کوئی عقیدہ۔ بلکہ ایک ایسی مُلکی ضرورت ہے جو ایک مُلک ... جہاں کئی فرقوں اور ذاتوں کے لوگ بستے ہوں، کے لئے نہایت اہم ہے۔ یا کہ جمہوریت کی بقا کے لئے اس کو انتہائی لازم سمجھنا چاہیئے۔ اگر ہم محض مذہبی رواداری اور بقائے باہم کو ہی سیکولرازم کی اساس سمجھیں تو ہم غلطی کے مُرتکب ہو سکتے ہیں۔ اور اگر ہم اس کو لادینیات کا نام دیں، پھر بھی ہم حقیقت سے بعید ہی رہ جائیں گے۔ جہاں تک میں نے سیکولرازم کا مفہُوم سمجھا ہے وہ یہی ہے۔ کہ ایک ایسا نظام جہاں کٹھ ملاپن، تنگ نظری، تعصّب کے بغیر عقلی تقاضوں کی بُنیاد پر جمہوری قدروں کو استوار کیا جا رہا ہو۔ ایسا نُکتہ نگاہ لازمی طور پر سائینسی ہو سکتا ہے۔ اور آج کی دُنیا کا ہمنوا بھی۔

اگر ہم کشمیر کے ماضی اور حال کو زیرِ نظر لائیں۔ تو ہمیں اس بات کا ضرور احساس ہوگا۔ کہ کشمیری ذہن کا ہندوستانی سیکولر قدروں کو استوار کرنے میں ایک اچھا فاصلہ حصّہ ہے۔ آپ نے کل کی مجلس میں کی گئی کئی تقریروں اور مقالہ جات میں سُنا ہوگا۔ کہ کشمیری تہذیب میں بالخصوص یہ امتیازی شان ہے کہ یہاں کے شاعروں۔ فلسفہ دانوں۔ ادیبوں۔ مؤرخوں۔ مفکروں اور صوفیوں نے عام طور پر بڑی وسیع نظری سے کام لیا ہے

ہندوستان کے سیکولر لٹریچر میں ایسی کتنی مثالیں ملیں گی جو ہمیں لوک پرکاش، کتھا سرِت ساگر، برہت کتھا منجری، کادیہ پرکاش، دو نیا لوک، کٹنی مالا، مختلف راج ترنگنیاں، للہ واکھ، کلام شیخ نورالدین، تواریخ حیدر ملک، حسن کھوہیامی، بہارستانِ شاہی، حبہ خاتون کے نغمے، اور اسی قسم کی اور کتابوں کے ہم پایہ ملیں گی۔ کتنی ایسی مثالیں ملیں گی جہاں علمائے دین نے شیخ نورالدّین نورانی کی طرح شاستر شلوک لکھ کر کشمیری Humanism کی بنیاد ڈالی ہوگی۔ کتنے شاعر ایسے ملیں گے جنہوں نے شمس فقیر، شاہ غفور، شاہ قلندر اور سوچھ کرال کی طرح ویدانت کے اصولوں کو اپنی شاعری کی بنیاد بنایا ہوگا۔ اور آنند رام، بخشن جو، اور خادم کی طرح نعت مناجات سے اپنا کلام مرصّع کیا ہوگا۔ کہاں پر ریشیان کشمیر کا اتنا لمبا سلسلہ پیدا ہوا ہوگا۔ جس میں ہندو اور مسلم طریقت کے ایک حسین امتزاج کو جنم دیکر انسانی تہذیب کو سنوارا ہوگا۔ اور اس پر لطف یہ کہ تمام کے تمام ریشی مسلمان ہیں۔ اور آج بھی ہندوؤں اور مسلمانوں کے معظم ترین اسلاف میں ان کا شمار ہے۔

مثالیں بیسوں نہیں سینکڑوں گنوائی جا سکتی ہیں۔ مگر ہم نے مثالوں کو الگ رکھ کر اس دینی انسان دوستی کے ماحصل کو پرکھنا ہے۔ میری دانست میں ہندوستانی ذہن کو استوار کرنے اور جلا بخشنے میں ان عظیم کاوشوں کا بہت ہی بڑا حصہ ہے۔ اور اس پر کسی بھی قوم کو بخوبی ناز ہو سکتا ہے۔

چنانچہ اس ذہنی پیداوار سے جو آب و گل تیار ہوا وہی

ہمارے کردار کو تشکیل دینے کا ذمّہ دار ہے۔ اور اس کردار کی تعمیر ہی کچھ اس اہتمام سے ہوئی۔ کہ ریاستی لوگوں کے قدم کڑی آزمائش میں نہ ڈگمگائے۔ اِس ذہنی ارتقا نے ہندوستان کے سیکولر آئین اور جمہوری کردار کو اس صدی کے دوران اُس وقت اپنا بیش قیمت سہارا عطا کیا۔ جس وقت تمام بنیادی انسانی قدروں کی آزمائش ہو رہی تھی۔ ہندوستان کو سیکولر آئین کی تائید کشمیر اور کشمیری کلچر سے حاصل ہوئی۔ کشمیر کا ہندوستان سے الحاق ہماری سیکولر تہذیب کا منطقی نتیجہ ہے۔ اور یہی دین وہ اہم ثقافتی دین ہے، جس نے اس بات کی مزید تصدیق کی۔ کہ راج ترنگنی سارے ملک کا تہذیبی سیکولر ورثہ ہے۔ اور وِتستا کی ترنگنی ہمیشہ یہی گنگناتی رہے گی۔ ٥

وینہ چھہ ازگنگا یہ سیتی۔ پوز چھہ سانی رایہ سیتی
بینٹھ بہالگ شرمیہ تبورنت۔ ایہہ مہیکٹھ محبت سایہ سیتی

از میر غلام رسول نازکی

تصوّف

یہ لفظ یا یہ اصطلاح کس طرح معرضِ وجود میں آئی۔ اس کے متعلق مختلف محققوں نے الگ الگ رائیں دی ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ خود حضور رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں درویشوں اور خدا دوستوں کی ایک جماعت معرضِ وجود میں آئی تھی۔ جو کاشانۂ رسول کے باہر ایک چبوترے پر بیٹھے رہتے اور خدا کی عبادت میں مصروف رہتے تھے۔ کوئی انہیں کھلاتا تو کھا لیتے اور شکر بجا لاتے۔ نہیں تو روزہ رکھتے۔ اور کبھی حرفِ شکایت زبان پر نہ لاتے۔ خدا مستوں کی اس جماعت میں رسول کے دوستوں کے بڑے اولوالعزم بزرگ تھے۔ حضرت ابوہریرہ مشہور صحابی ہیں۔ وہ بھی ان میں شامل تھے۔ چبوترے کو عربی میں صفہ کہتے ہیں۔ یہ لوگ اصحاب صفہ کے نام سے مشہور ہوئے۔ مسافری میں جو لوگ صبر و رضا کی زندگی بسر کرنے لگے۔ ان کو انہی اصحاب صفہ کے ساتھ منسوب کیا جانے لگا۔ اور اسی اعتبار سے اُن کا نام صوفی پڑ گیا۔ ایک اور روایت یہ ہے کہ درویشوں اور خدا دوستوں کی جماعت سال کے ہر موسم میں اونی کپڑے پہنتے تھے۔ یہ ترکِ لذات اور خدا پرستی کی علامت سمجھی جانے لگی۔ اُون کو عربی میں صوف کہتے ہیں اور اونی کپڑے والے کو صوفی کہا جانے لگا۔ اور یہ لوگ آج تک اسی نام سے مشہور ہیں۔ بہرحال اصطلاح کا ماخذ چاہے کچھ بھی ہو، اتنا ہر شخص کو معلوم ہے کہ صوفیوں کی جماعت خدا پرستوں کی جماعت تھی۔ تسلیم و رضا، صبر و توکل، قناعت اور بے نفسی

اس گروہ کا خاصہ ابتدا سے رہا۔ اور صوفیت کے عروج و زوال کے زمانے میں صوفیوں کے یہ خصایل بدستور قایم رہے۔

تصوف کی ابتدا کیسے ہوئی۔ اس کے متعلق بھی مختلف قیاس آرائیاں ہوئیں۔ ایک خیال یہ ہے۔ کہ مسلمانوں کے ایک خاص طبقہ کو رسول کریم صلے الہ علیہ وسلّم نے کچھ راز کی باتیں بتا دی تھیں۔ اور وہ طبقہ اِن باتوں سے اتنا متاثر ہوا۔ کہ وہ دُنیا اور اس کی تمام دلچسپیوں سے نفرت کرنے لگا۔ اور دُنیا میں رکھکر بھی دُنیا سے لاتعلق ہو گیا۔ ان کی تعلیمات کا سلسلہ نسلاً بعد نسل چلتا گیا۔ مگر یہ تعلیم مُرشد سے مُرید کی طرف سینہ بسینہ منتقل ہوتی رہی۔ چنانچہ ان لوگوں کا خیال ہے۔ کہ قرآن و حدیث کے دو معنی ہیں۔ ظاہری اور باطنی۔ ظاہری معنی علما جانتے ہیں۔ اور باطنی معنی درویش اور صوفی جانتے ہیں۔ بعض محققین کا خیال ہے۔ کہ دُنیا کی بے ثباتی اور آخرت کے دوام کا اعتقاد اگرچہ مسلمانوں میں اسلام کے آتے ہی پیدا ہوا۔ مگر مسلمانوں میں دو قسم کے گروہ تھے۔ ایک وہ جو دُنیا و آخرت دونوں کو اہم سمجھتے تھے۔ دوسرے وہ جو صرف آخرت کے پرستار تھے۔ اور دُنیا سے متنفر تھے۔ پہلے گروہ کے نظریات میں رفتہ رفتہ انقلاب آگیا۔ اور وہ دُنیا کی دلچسپیوں میں کھو گئے۔ اور آخرت کو فراموش کر بیٹھے۔ اس کا ردِ عمل دُوسرے گروہ پر یہ ہوا۔ کہ وہ دُنیا کو نجس اور ناپاک خیال کرنے لگے۔ اور پہلے گروہ کو راہِ ہدایت سے دُور قرار دینے لگے۔ پہلے گروہ کے پاس وسایل اور ذرایع تھے۔ جاہ و جلال تھا۔ حکومت اور سلطنت تھی۔ فوج اور لشکر تھا۔ دوسرے گروہ کے پاس ظاہری ساز و سامان کچھ نہ تھا۔ البتہ حق و صداقت اور اخلاقی جرأت کی بے پایاں دولت سے مالا مال تھے۔ وہ قدم قدم پر اربابِ دُنیا کو ٹوکتے اور

اُنہیں اُن کے انجام سے خبردار کرتے رہے۔ دُنیا پرستوں کا جاہ و جلال اُن کو خاموش نہ کر سکا۔ اور وہ تلوار کے سائے میں بھی حق بات کہنے سے باز نہ رہے۔ اسلامی دُنیا کی تاریخ ایسے واقعات سے بھرپُور ہے۔ جہاں جبار اور قہار بادشاہوں کے سامنے گدایانِ بے نوا نے صرف حق کا اظہار علےالاعلان کیا۔ اور اپنی جان پر کھیل کر سچ کا علم بلند کیا۔ خلفا بنو امیہ میں ہشام بن عبدالملک بڑے طمطراق کا بادشاہ تھا۔ اور کوئی شخص اُس کے دربار میں لب کشائی کرکے اپنی موت کو دعوت دینے پر تیار نہ ہوتا تھا۔ اُس نے ایک روز ایک درویش طاؤس یمانی کو اپنے دربار میں طلب کیا۔ تو اس نے عام آدمی کی طرح اُسے سلام کیا۔ اور اُسے امیرالمومنین کے خطاب سے نہ پکارا۔ بادشاہ نے برہم ہوکر سبب پُوچھا۔ تو طاؤس یمانی نے بڑی بے نیازی سے جواب دیا۔ قوم تیری حکومت سے راضی نہیں۔ اس لئے تجھے اُن کا امیر کہنا جھوٹ ہے۔ ہشام خجل ہُوا۔ اور کہا مجھے کوئی نصیحت کیجئے۔ فرمایا۔ "خدا سے ڈر۔ زمین تیرے ظُلم سے بھر گئی ہے"۔ مالک بن دینار ایک اور خدا مست بزرگ تھے۔ وہ بصرہ کی جامع مسجد میں اعلان کرتے۔ "ان ظالم بادشاہوں کو خدا نے اپنے بندوں کا چرواہا بنایا تھا۔ تاکہ اُن کی رکھوالی کریں۔ پر انہوں نے بکریوں کا گوشت کھا لیا۔ بالوں کا کپڑا بُنکر پہن لیا۔ اب صرف ہڈیاں باقی رہ گئیں"۔ سلیمان بن عبدالملک ایک اور خوفناک بادشاہ تھا۔ ابُوخادم نے اُس سے سرِدربار کہا۔ "بائک قہر والناس بالسیف واخذ والملک عنوۃً من غیر مشورۃٍ من المسلمین ولا رضا منھم۔ تیرے باپ دادا نے تلوار کے وار سے لوگوں کو مجبور کیا۔ اور بلا قوم کی رائے اور انتخاب کے مالک بن بیٹھے۔ سلیمان نے کہا۔ اب کیا کیا جائے۔ جواب دیا جن کا حق

ہے۔ اُن کو لوٹا دے۔ کہا میرے حق میں دُعا کیجئے۔ فرمایا "خدایا اگر سلیمان حق پر چلے تو اسے مہلت دے۔ لیکن اگر ظلم سے باز نہ آئے۔ تو پھر تو ہے اور اس کی گردن"۔ سعید بن مسیب بہت بڑے بزرگ تھے۔ وہ اعلانیہ برسر بازار حکام کے ظلم و جور کا اعلان کرتے۔ اور کہتے۔ "کتوں کا پیٹ بھرتے ہو۔ مگر انسانوں کو تم سے امان نہیں"۔ حجاج بن یوسف کے نام سے دُنیائے ظلم وستم کی تاریخ مشہور ہے۔ کہ حطیط جب گرفتار ہوکر اُس کے سامنے آیا۔ تو حجاج نے پُوچھا۔ کہو اب میرے لئے کیا رائے رکھتے ہو۔ بولا۔ "تو خدا کی زمین پر اُس کا سب سے بڑا دُشمن ہے۔ پُوچھا۔ خلیفہ کے بارے میں کیا کہتے ہو۔ کہا اُس کا جرم تجھ سے بھی زیادہ ہے۔ تیرا ظلم تو اُس کے بیشمار ظلموں میں سے ایک ہے۔ مامون الرشید کے دربار میں خدامست درویش نے اعلان کیا۔ یا ظالم ظالم ان لم اقل لک یا ظالم۔ میں ظالم ہوں۔ اگر تجھے ظالم کہکر نہ پکاروں۔ یہ میں نے صرف چند واقعات سنائے ہیں۔ اور مقصود یہ ہے۔ کہ تصوف اور دُنیا پرستی دو مختلف نکتۂ خیال تھے۔ اور دونوں آپس میں متصادم تھے۔ اور تصوف دراز دستی بے راہ روی۔ زیادتی ظلم۔ جبر اور استحصال کے خلاف ایک زبردست تحریک تھی۔ جو پھلی اور پھولی۔ تصوف کے عروج کا زمانہ خلفاء بنوامیہ اور خلفاء بنو عباسیہ کا زمانہ تھا۔ کیونکہ ان دونوں خاندانوں کے بادشاہ بڑے جبّار۔ قہار اور باجبروت تھے۔ اور ردِ عمل کے اصول کے تحت صوفیاء کرام بھی بڑے زبردست تھے۔ مگر بے نفس بے لوث اور بے خوف تھے۔

تصوف کا ابتدائی اصول صرف اتنا تھا۔ کہ آدمی ماسوائے اللہ سے نہ ڈرے۔ ماسوائے اللہ سے کوئی حاجت طلب نہ کرے اور ماسوائے اللہ

کسی کے آگے نہ جھکے۔ وہ ڈرتے تھے تو خدا سے۔ حاجت مانگتے تھے تو خدا سے۔ جھکتے تھے تو صرف ایک خدا کے سامنے۔ یہ زمانہ تصوف کے عروج کا زمانہ تھا۔ پھر ایک وقت ایسا آیا۔ جب تصوف عملی دُنیا سے الگ ہوکر فلسفہ بن گیا۔ اور تصوف میں مختلف افکار آئے۔ اور اس میں مختلف گروہ پیدا ہو گئے۔ وہ صوفی اور خدا مست درویش جو بڑے بڑے شہنشاہوں کو خاطر میں نہ لاتے تھے فلسفے کی موشگافیوں میں لگ گئے اور خانقاہوں میں مریدوں کے حلقوں میں کھو گئے۔ فلسفے نے تصوف کو دو بڑے گروہوں میں بانٹ دیا۔ وحدت وجود اور وحدت مشہود۔ اس کا پس منظر جاننے کے لئے یہ زیرِ نظر رکھنا ضروری ہے۔ کہ اسلام جب جزیرہ نمائے عرب سے نکل روم و فارس پہنچا۔ تو وہاں کے قدیم مذاہب نے اسلام پر اور اسلام نے ان قدیم مذاہب پر اثر ڈالنا شروع کیا۔ اسلام کی بنیاد توحید پر ہے۔ توحید ایک زبردست اور متحرک اور جاندار تصور تھا۔ اس لئے اس نے قدیم مذہبوں کو جو صرف رسوم و رواج کی حد تک زندہ تھے متاثر کر کے رکھ دیا۔ مگر خود اسلام بھی ان قدیم مذہبوں کے تصورات کے اثر سے نہ بچ سکا۔ زہمت تہیت اور اثنیت نے خاص طور پر اپنا اثر ڈالنا شروع کیا۔ شریعت اسلامی میں کوئی لچک موجود نہ تھی۔ اس لئے وہ بدستور قائم رہی۔ مگر تصوف میں گنجائش تھی۔ اور اس نے ان نئے خیالات کو رفتہ رفتہ جگہ دینا شروع کیا۔ وحدت وجود کا تصور قطعاً غیر اسلامی ہے۔ مگر مسلمان صوفیوں نے اس کو اپنایا۔ اور بڑے بڑے اولیاءِ کرام وحدتِ وجود کے قائل ہو گئے۔ شیخ اکبر حضرت محی الدین ابنِ عربی وحدتِ وجود والوں کے امام اعظم سمجھے جاتے ہیں۔ وحدت وجود کا مرکزی خیال یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ

کی ذات کے بغیر کسی چیز کا وجود قائم بالذات نہیں۔ خدا کے بغیر جتنی بھی مخلوقات ہیں، اُن کا جُداگانہ وجود کوئی نہیں۔ بلکہ وہ ایک کُل کے جزو ہیں۔ اور جزو کُل کے بغیر بے معنی ہے قرآن کی ایک آیت قرآن نہیں۔ مگر قرآن سے جدا نہیں۔ پانی کا ایک قطرہ سمندر نہیں۔ مگر سمندر ہی کا حِصّہ ہے۔ اور اُس وقت تک بیکار ہے۔ جب تک سمندر سے دُور ہے۔ سمندر میں جا گریگا۔ تو بیکراں ہو جائیگا۔

یہ اسلامی فلسفہ نہیں۔ اسلام نے صاف اور واضح الفاظ میں خالق و مخلوق اور عبد و معبود کو دو جداگانہ حیثیتیں دی ہیں۔ اسلام اس بات کا قائل ہے۔ کہ دُنیا میں جو کچھ موجود ہے اُس کا سرچشمہ حیات اللہ تعالےٰ کا حُکم ہے۔ "قل الروح من امر ربی"۔ مگر یہ موجودات اور مخلوقات خدا تعالےٰ کی ذات کا حِصّہ نہیں ہیں۔ بخلاف وحدتِ وجود کے جو یہ کہتا ہے۔ کہ قطرہ سمندر میں جائے گا تو سمندر بنے گا۔ اسلام وحدت شہود کا قایل ہے۔ مگر مسلمان صوفیا میں سے اکثریت نے وحدت وجود کا غیر اسلامی تصوّر اپنا لیا ہے۔ اس کا سبب میں عرض کر چکا ہوں۔ کہ جزیرہ نمائے عرب سے نکل کر اسلام جب غیر ممالک میں گیا۔ تو وہاں اُسے "لے لو اور دے دو" کے اصوُل پر کاربند ہونا پڑا۔ چنانچہ اسلام عرب سے نکل کر ایران آیا۔ اور اس کے بعد ہندوستان پہنچا۔ ہندوستان میں وحدت وجود کا فلسفہ بڑے زوروں پر تھا۔ ایران میں بھی اس کا سکّہ رواں تھا۔ اسلام اس سے متاثر ہُوا۔ اور ہندوستان کے مسلمان صوُفیا اور ہندو جوگیوں میں اکثر چیزیں مشترک ہوگئیں۔ ہندوستان میں اشاعت اسلام کا بڑا حصہ صوفیا کی جیثیت کا احسان مند ہے۔ اس سلسلے کے بانی خواجہ معین الدین چشتی اجمیری ہیں۔ اور انھوں نے مقامی حالات کا جائیزہ لیکر بیشمار ہندوستانی تصورات کو تصوف کی بنیاد بنا ڈالا۔

سماع اور راگ رنگ۔ قوالی اور محفلیں اسی قبیل سے ہیں۔ اور یہ صوفیائے چشت کے لئے بے حد ضروری۔ حالانکہ خالص اسلامی نقطۂ نظر سے سماع اور موسیقی اگر حرام نہیں مکروہ۔ تخریبی ضرور ہے۔

اسلام جب ہندوستان میں آیا۔ تو ظاہر ہے۔ وہ ایک نظریہ حیات تھا۔ اپنی سادہ تعلیم اور بالکل قدرتی اصولوں کی وجہ سے اُس نے ہندوستان کے اہلِ فکر کی توجہ کو اپنی طرف مرکوز کر لیا۔ صوفیاءِ کرام کی پرکشش زندگی نے اسلام کو اور بھی جاذبِ توجہ بنا دیا۔ اور سالہا سال کے میل جول سے ایک نئی تہذیب کی بنیاد پڑ گئی۔ جس میں اسلام اور مقامی مذاہب کے امتزاج سے ایک نہایت ہی دلکش اور حسین و جمیل سامنے آ گئی۔ جس کا نام اگرچہ تصوف تھا۔ مگر وہ خالص اسلامی تصوف نہیں ہوتا۔ جس کی طرف اُوپر کی سطور میں اشارہ کیا گیا ہے۔ پروفیسر خلیق احمد تاریخ مشائخ چشت میں لکھتے ہیں۔

ہندوستان کے مسلمان صوفیوں کے مدِ نظر ہمیشہ یہ اصول رہا ہے۔ کہ ~~ہندوستان~~ ہندوؤں کے ساتھ شگفتہ تعلقات رکھے جائیں۔ مشائخ چشت کی وسعتِ نظر اور رواداری کا یہ حال تھا۔ کہ ہندوؤں کی کوئی بات پسند آئی تو اس کی بے تکلف تعریف کی گئی۔ بابا فرید گنج شکر کی خانقاہ میں اکثر جوگی حاضر رہتے تھے۔ دو مرتبہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ کی ان سے گفتگو ہوئی۔ ایک بار عالم سفلی اور عالم علوی کی بات چھڑ گئی۔ جوگی نے جب اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تو خواجہ نظام الدین اولیاء بہت متاثر ہوئے اور فرمایا۔ مرا سخن او خوش آمد۔

ایک مخلوط تہذیب کو جنم دینے کے لئے صوفیائے کرام نے اسلام

اور ہندو مذہب کی مشترک چیزوں کی تلاش شروع کی۔ اور ان کی آمیزش سے ایک ایسا مسلک قائم گیا۔ جس کا بنیادی پتھر احترام آدمیت ہے۔ تصوف اور اسلام میں جُدا رکھتے ہیں۔ عبدالماجد لکھتے ہیں

"اسلام میں زندگی کے دو پہلو ہیں۔ خارج و باطن، عالم دو ہیں ظاہر و باطن، قرآن مجید اور حدیث میں بھی ظاہر و باطن کا یہ فرق موجود ہے۔ اور اسی فرق کو ظاہر کرنے کے لئے شریعت اور طریقت کے الفاظ استعمال کئے گئے۔ صوفی اور اہلِ حق جو مذہب کے باطنی پہلوؤں کے قایل تھے، اہلِ طریقت کہلائے اور باقی اہلِ شریعت (یا اربابِ ظاہر)" یہاں اربابِ ظاہر و باطن کی آویزش کا ذکر کرنا بھی مناسب نہ ہوگا۔ جس کے لئے رند و واعظ صوفی و مار وغیرہ کی اصطلاحیں استعمال کی گئیں۔ اور حافظ شیرازی نے کہا ؎

جنگ هفتاد و دو ملت همه را عذر بنه چوں ندیدند حقیقت ره افسانه زدند

رندان یا اربابِ باطن نے اربابِ ظاہر کو ہمیشہ کم فہم اور کور ذوق کہا ہے۔ کیونکہ مُلّا کی دوڑ مسجد تک ہے۔ اور اُس کا علم ابن الکتاب ہے۔ مگر صُوفی کا سہارا وجدان ہے۔ جو اُسے کتاب کا محتاج نہیں بلکہ ام الکتاب بناتا ہے۔ اقبال نے کہا ؎

علم ہے ابن الکتاب، عشق ہے اُمّ الکتاب

کہنے کا مطلب یہ ہے۔ کہ اسلامی صوفیا نے ظاہر و باطن یا شریعت و طریقت کا تصوّر دیگر اسلامی تصوف کو دیگر مذاہب کے وجدانیات سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی۔ کیونکہ ویدوں کی تعلیم کے مطابق بھی مذہب کے دو پہلو ہیں۔ خارجی و باطنی۔ شنکر آچاریہ کی تفسیر کے مطابق ویدانت مذہب کے باطنی پہلو کی تہذیب کا نام ہے۔ ویدانت کے مختلف مدارج میں سب سے زیادہ

اہمیت اس مقام کو حاصل ہے۔ جہاں محدود تعیُّنات کی قید سے آزاد مطلق میں گُم ہو جاتا ہے۔ یہ مقام لقا ہے۔ جہاں اِس کا انفراد، مذہب اور عقل سب بے معنی ہو جاتا ہے۔ "ہمہ اوست" کے نظریے کی بنیاد یہی تصوّر ہے۔ جسے جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں مسلمان صُوفیا نے اپنایا ہے۔ ایک سرسری سا جائزہ لینے سے آپ کو معلوم ہوگا۔ کہ تلاش حقیقت کی راہ کے مسافروں نے اپنی منزلیں کس طرح سے متعیّن کی ہیں۔ اور اس تعین میں اُن کا مذہب اُن کی راہ میں کبھی حایل نہیں ہُوا ہے۔ ویدوں کی تعلیم کے مطابق حیاتِ انسانی کا سب سے بڑا مقصد حصُول کی نجات ہے۔

اور اسے حاصل کرنے کے تین راستے ہیں، عمل، معرفت اور عشق۔ بُنیادی طور پر یہ سب اس بات پر مُتفق ہیں۔ کہ حقیقت کی جستجو قلبی واردات پر منحصر ہے۔ نہ کہ عقل یا غور و فکر پر۔ نجات کے زینے کی پہلی سیڑھی حقایق کا سُننا اور سمجھنا ہے۔ دُوسری معرفت اور تیسری مراقبہ اور آخری منزل عرفانِ حق ہے۔ مسلمان صوفیا کے مطابق یہ ایک رُوحانی سفر ہے۔ اور اس کے مختلف مراحل ہیں۔ اس کا بُنیادی اصُول یہ ہے۔ کہ یہ سفر بندہ اور خدا دونوں بیک وقت کرتے ہیں۔ انسان خدا کی طرف آتا ہے۔ اور بندہ خدا کی طرف جاتا ہے۔ یعنی حُسن و عشق دونوں ایک دُوسرے کے تمنائی ہیں۔ حُسن عشق کے بغیر اور عشق حسن کے بغیر بیکار چیزیں ہیں۔ اس کے بُنیادی لوازم مختلف ~~خاندانوں~~ خانوادوں کے پیروں اور مُرشدوں نے یوں متعیّن کیے ہیں۔ اوّل سالک یعنی راہ چلنے والا۔ دوم پیر یعنی راہنما۔ سوم طریقت یعنی وہ علم جو سالک کو پیر سے حاصل ہو جاتا ہے اور وہ جن مقامات پر فائز ہوتا ہے
عرفان چہارم۔ یعنی وہ نتیجہ جو رہنمائی سے چلنے سے حاصل ہو جاتا ہے

ہے، وہ صوفیانِ کرام کے کہنے کے بموجب یہ ہیں۔ بندگی۔ عشق۔ ترک، وجد، حقیقت اور وصال۔ آپ تھوڑا سا غور کریں گے۔ تو آپ کو صوفیا کی اصطلاحوں اور ویدوں کی تعلیم میں بالکل ہم آہنگی نظر آئے گی۔ چنانچہ صوفیا اور ویدانت کے عالموں نے یکسوئی حاصل کرنے کا متفقہ طریقہ حبسِ نفس کو قرار دیا ہے۔ اور دونوں اس بات پر بھی متفق ہیں۔ کہ عرفان ذات اور عرفانِ نفس حاصل کرنے کے لئے یکسوئی اور توجہ کے بعد ذکر و فکر کی ضرورت ہوتی ہے۔ جو انسان کو وجدان عطا کرتا ہے۔

تصوف نے کعبہ و دیر کی آویزش کو ختم کرنے کے لئے جو عظیم کام کیا ہے، وہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ مگر یہ کام جتنا ہوا، اُسے فرنگی تہذیب کی مادی نظریات نے نقصان پہنچایا۔ اور ہندوستان جو ہمیشہ کے روحانی سکون کا گہوارہ رہا ہے۔ مادی مخمصوں میں گرفتار ہو کر لاکھوں آفتوں کا شکار ہو گیا۔ صوفیائے کرام نے جو عظیم کام کیا تھا، اُس نے ماضی قریب میں ہندوستان کو بھگتی تحریک عطا کی۔ ڈاکٹر نارنگ لکھتے ہیں:۔

"اسلامی تہذیب کے سانچے نے ہندوستان کے مذہبی و فکری رجحانات کے لئے ایک آتش انگیز سیال کا کام کیا۔ رسوم کے غبار میں کھوئی ہوئی محبت و عقیدت کی قوتیں پورے طور سامنے آ گئیں۔ اور ہندوستانی تصوف اور بھگتی کے ایک نئے مسلک کی بنیاد پڑ گئی۔ ان دونوں میں کچھ اختلافات ضرور ہیں۔ لیکن وہ ضمنی ہیں۔ بنیادی طور پر یہ دونوں راستے ذاتِ خدا کا ادراک۔ تجلیات

و تصورات سے ماوراءہستی کی طرح کرتے ہیں۔ خدا کے جس
تصور کو اُنہوں نے پیش کیا ہے، وہ توحید باری تعالےٰ ہے۔ اور
اس کی محبت کی آنچ میں عابد کا وجود ایسے پگھل جاتا ہے جیسا
کہ ژالہ پانی میں۔ شمالی ہندوستان میں بھگتی کی یہ تحریک ہندوؤں
اور مسلمانوں کے اشتراک کی پہلی کوشش تھی۔ اسلام اور ہندو ازم
دونوں کے ظاہری لوازم کی پُرجوش مخالفت کی گئی۔ مذہب کے خارجی
پہلوؤں کو بالکل نظرانداز کر دیا گیا۔ اور دونوں مذاہب کی مشترک باطنی
قدروں کو ایک دُوسرے میں سمو کر ایک ایسی مصلحانہ روش اختیار
کی گئی۔ جس پر چل کر ہندو اور مسلمان دونوں ایک خدا کی عبادت
کرتے تھے۔ وہ ایک ایسے مستقبل کی تعمیر کر رہے تھے جس میں
امتیازات کی کوئی دیوار حایل نہ ہوگی۔ رام داس۔ کبیر۔ نام دیو۔ بابا نانک
بابا فرید اس عظیم تحریک کے مشعل بردار تھے۔ مگر جیسا مَیں کہہ چکا
ہوں، فرنگی تہذیب کی چکا چوند نے آنکھوں کو خیرہ کر دیا۔ اور
ہمارے لوگ رُوح سے بیزار ہوکر جسم اور اس کے مطالبات کی طرف
زیادہ متوجہ ہوئے۔ آج بھی جب ہم صبح۔شام اعلان کرتے ہیں کہ
ہماری نجات اقتصادی خوشحالی میں ہے، تو ہم بھول جاتے ہیں۔ کہ
کبھی ہماری منزل کچھ اَور بھی تھی۔ اور وہ منزل دِل کی آزادی کی منزل کی
تھی۔ کہنے والے کو خدا جنت نصیب کرے ؎

دِل کی آزادی شہنشاہی شِکم سامانِ موت
فیصلہ تیرا تیرے ہاتھوں میں ہے دِل یا شِکم

یہ مقالہ ناتمام رہے گا۔ اگر میں کشمیر کی ریشی تحریک کا مختصر
سا ذکر نہ کروں گا۔ جو شمالی ہندوستان کی بھگتی تحریک کے بالکل

مُشابہ ہے۔ اور اس میں شیخ نورُ الدین اور للیشوری میں۔ کوئی امتیاز نہیں۔ بلکہ صدیاں گذرنے کے بعد بھی للیشوری کے کلام پر شیخ نورُ الدین کا اور شیخ نورُ الدین کے کلام پر للیشوری کے کلام کا گمان ہوتا ہے۔ اس سرزمین نے وہ مسلمان صُوفیا پیدا کئے۔ جو مسلمانوں کے مقابلہ میں ہندوؤں کے زیادہ محترم اور عزیز تھے۔

ریشیہ مول تبہ مول۔ زندہ پیر، کرشنہ پیر ایسے نام ہیں جو ہر شخص کی زبان پر ہیں۔ مسلمان صوفیاؤں کے پیروؤں میں کشمیری برہمن ہیں۔ اور کشمیری براہمنوں کے ارادت مند مسلمان درویش ہیں۔ شِوازم کا فلسفہ اگرچہ خالص کشمیر کا نہیں، مگر اس میں بھی کشمیریت ہے۔ شِوازم کا پیرو ہر شخص ہو سکتا ہے۔ چاہے وہ مسلمان ہو یا ہندو۔ عیسائی ہو یا پارسی۔ اور یہ صُوفیانہ رواداری شاید مُلک کے بہت کم حصّوں میں اب بھی باقی ہے۔ جب ریشہ مول کے مزار پر کوئی برہمن یا مسلمان گوشت کھا کر نہیں جاتا۔ ریشہ مول کے عرس پر دونوں فرقے ترکِ حیوانات کرتے ہیں۔ مسلمان اپنی جگہ مسلمان ہے اور برہمن اپنی جگہ برہمن ہے۔ دونوں کو اپنی اپنی روش مبارک ہے۔ دونوں ایک ہی منزل کے مسافر ہیں۔ اور راہ چلتے ایک ایسا مقام بھی آتا ہے جہاں دونوں کی ملاقات ہو جاتی ہے۔ اور دونوں ایک دُوسرے کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر آگے اور آگے بڑھتے جاتے اور اپنے ذوق کی تسکین تلاش کرتے ہیں۔ کعبہ اور بُت خانے کو ڈھا دینے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ کعبہ اور بُت خانہ منزلِ مقصُود نہیں۔ بلکہ راہنمائے حقیقت ہے سه

ہے پرے سرحدِ ادراک سے اپنا مسجُود
قبلہ کو اہلِ نظر قبلہ نما کہتے ہیں

بُت خانے میں ذوقِ حضورؔ کے مُتوالوں نے اپنے محبُوب کی تصویریں سجا رکھی ہیں۔ کہ اس سے دِل بیتاب کو تسکین مِلتی ہے ۔

ذوقِ حضور در جہاں رسمِ صنم گری نہاد
جوشِ عشق فریب ہے۔ وہیں جالِ اُمیدواراں اقبالؔ

کعبہ کو بُتوں سے صاف وپاک کر دیا گیا ہے۔ اور وہ ایک خدائے بزرگ کو ایک کہنے والے کی یادگار کے طور پر قائم ہے۔ سالکِ راہِ حقیقت دونوں مقامات سے اپنی چیز تلاش کرتا ہے ۔

فرقے نہ نہد عاشق در کعبہ و بُت خانہ
ایں خلوتِ جانانہ ۔ آں جلوتِ جانانہ

اِسی تصوّر نے آدمیّت اور انسانیت کی شمع روشن کی۔ یہ شمع مرمر حوادث کی شکار ہو رہی ہے۔ اور انسانیت کے نام ہی خواہوں کا پہلا فرض یہی ہے۔ کہ وہ اس شمع کو بجھنے سے بچالے۔ اگر یہ بُجھ گئی۔ تو اندھیرا ہوگا۔ اندھیرے میں راستہ نظر نہیں آئے گا۔ منزل کھوٹی ہو جائے گی۔ ہاتھ پاؤں شل ہونگے۔ چلنے اور پھرنے کی طاقت سلب ہو گی۔ درندوں کا ڈر بڑھ جائے گا۔ اور ہو سکتا ہے۔ کہ مسافر منزل کو پا لینے سے پہلے ہی دم توڑ بیٹھے ۔!

اُردو شعر و ادب میں کشمیر کا حصّہ

ایک جائزہ — ڈاکٹر حامدی کاشمیری

اہلِ کشمیر کی مادری زبان کشمیری ہے۔ اور جموں کے باشندوں میں ڈوگری زبان رائج ہے۔ ان دونوں زبانوں میں ادب کا اچھا خاصا سرمایہ جمع ہو چکا ہے۔ تقسیمِ وطن سے پہلے ماضی کے مختلف ادوار میں کشمیری زبان میں شعری ادب کے کئی خوب صورت اور لازوال نمونے نظر آتے ہیں۔ اور تقسیم کے بعد کشمیری ادیبوں نے ایک نئے اجتماعی شعور اور فنی آگاہی کے ساتھ نظم و نثر میں کئی ایسی نگارشات پیش کیں۔ جو آسانی کے ساتھ ملک کی دوسری ترقی یافتہ زبانوں کی تخلیقات کے ہم پلہ قرار دی جا سکتی ہیں۔ اور اُن کا تخلیقی سفر اعتماد اور یقین کے ساتھ جاری ہے۔ مادری زبان میں اپنے تخلیقی شعور کے موثّر اظہار کے ساتھ ساتھ یہاں کے ادیبوں۔ شاعروں اور دانشوروں نے سنسکرت اور فارسی زبانوں کے بعد جس دوسری زبان میں اپنے تجربات اور احساسات کا اظہار کیا ہے۔ وہ اردو زبان ہے۔ اور جس مشاقی اور شوق سے کیا۔ اُس سے اہلِ کشمیر کی تخلیقی لگن اور غیر معمولی ذہانت کا ثبوت فراہم ہوتا ہے۔ اور ساتھ ہی اردو زبان سے اُن کے جذباتی اور ثقافتی رشتوں پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ کشمیر کی تہذیبی تاریخ پر ایک نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ خطۂ فردوس نظر صدیوں سے تہذیب و تمدن

فکر و فلسفہ اور علوم و فنون کا مرکز رہا ہے۔ شعر و ادب کے جو چراغ یہاں جلتے رہے ہیں، ہندوستان کے گوشے گوشے نے اُن سے روشنی لی ہے۔ ہندو دور میں سنسکرت علم و ادب کو غیر معمولی فروغ ملا۔ مسلمانوں کے دورِ اقتدار میں فارسی زبان و ادب کا گھر گھر چرچا ہُوا۔ اور درجنوں شعراء پیدا ہوئے۔ جن میں سے کئی اہلِ ایران سے بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکے ہیں۔ اور پھر پندرھویں صدی کے بعد یعنی زین العابدین بڈشاہ کی حکومت کے خاتمہ پر جب یہاں کے ملکی نظام کا شیرازہ بکھرنے لگا۔ اور بہت سے لوگ پنجاب، اودھ، دہلی اور آگرہ وغیرہ میں جا بسے۔ تو اُردو زبان کو اُنہوں نے گلے لگایا۔ اور اس زبان میں بھی اُن کے جوہر کھلنے لگے۔

اُردو زبان سے ریاست کے لوگوں کی وابستگی کے چند اور وجوہات بھی ہیں۔ ایک اہم وجہ یہ بھی ہے۔ کہ نئی صدی میں تعلیم کے پھیلاؤ کے ساتھ ساتھ یہاں کے لوگ ایک ایسی کل ہند مقبولِ عام زبان سے رابطہ پیدا کرنے کے لئے مجبور تھے۔ جو اُن کی علمی، مذہبی اور ادبی تشنگی کو بجھا سکے۔ اُردو زبان فکر و فلسفہ۔ مذہبی علوم اور ادب و ثقافت کا ایک خزانہ تھی۔ اِس لئے یہاں کے لوگوں کو ریاست میں مغلوں کے عمل دخل کے زمانے ہی سے اس زبان سے جو لگاؤ پیدا ہو گیا تھا استوار ہونے لگا۔ اور وقت کے گذرنے کے ساتھ ساتھ اردو یہاں کے لوگوں کے لئے کوئی اجنبی زبان نہیں رہی۔ اور قلم کاروں نے بغیر کسی دشواری کے اس زبان کو اپنی شخصیت کے اظہار کا وسیلہ بنایا۔ مادری زبان کے بجائے اس زبان کو ذریعۂ اظہار بنانے کے

بڑھتے ہوئے رجحان کے اسباب کا سراغ نفسیاتی حقائق میں بھی لگایا جا سکتا ہے۔ یہ مسلمہ امر ہے۔ کہ فنکار جو کچھ لکھتا ہے۔ دوسروں تک اس کی ترسیل و ابلاغ کے لئے بے چین رہتا ہے۔ چونکہ پرانے زمانے میں مادری زبانوں میں اشاعت و تشہیر کے وسیلے کالعدم تھے، اور اس کے مقابلے میں اردو زبان خاصی ترقی یافتہ تھی۔ اس لئے شعرا نے اسی زبان کو اپنایا۔

بہرکیف اہلِ کشمیر کے اردو زبان سے وابستگی کے جو بھی اسباب ہوں، یہ امر واقعہ ہے۔ کہ یہاں کے لوگوں نے اس زبان کو اپنی زبان سمجھ کر برتا ہے۔ اور اس کی ترقی میں نمایاں حصہ لیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ڈوگرہ عہد میں ریاستی سرکار نے اسے سرکاری زبان کا درجہ عطا کیا۔ اور سرکاری دفاتر میں اس کا چلن ہوا۔ مہاراجہ رنبیر سنگھ کے عہد میں اردو زبان نے ترقی کے ایک اور زینے پر قدم رکھا۔ یعنی اسے سرکاری سکولوں میں تعلیم و تفہیم کا وسیلہ قرار دیا گیا۔ اور اس کی تعلیمی اہمیت مسلم ہو گئی۔ تعلیم یافتہ طبقہ اسی میں گفتگو کرنے لگا۔ خط و کتابت میں اس کا سہارا لیا گیا۔ سیاسی، سماجی اور مذہبی خیالات کی نشر و اشاعت کے لئے کتابچے اور رسالے اسی زبان میں لکھے جانے لگے۔ مقامی ضروریات کے سلسلے اخبارات نکلے تو اسی زبان میں نکلے۔ نتیجہ یہ ہوا۔ کہ اردو آہستہ آہستہ مقبول ہونے لگی۔ اور تعلیم یافتہ طبقہ کے علاوہ اس سے غیر تعلیم یافتہ لوگ بھی مانوس ہونے لگے۔ وہ اردو (ٹوٹی پھوٹی ہی سہی) بولنے اور سمجھنے لگے۔

اردو شعر و ادب کی تاریخ میں کشمیری ادیبوں اور شاعروں کی خدمات اپنی اہمیت رکھتی ہیں۔ حق تو یہ ہے کہ کشمیر کی خدمات کا ذکر کئے بغیر اردو ادب کی تاریخ مکمل نہیں کہلائی جا سکتی۔ یہاں پر ہم اُن

مشاہیر ادب مثلاً دیا شنکر نسیم، سرشار۔ آغا حشر کاشمیری۔ منٹو۔ ڈاکٹر اقبال۔ علامہ کیفی اور کرشن چندر وغیرہ کا ذکر نہیں کر رہے ہیں۔ جن کے دم سے اُردو کو توانائی اور وسعت ملی ہے۔ اور جن کا آبائی تعلق اسی خطے سے رہا ہے۔ لیکن جو مستقلاً باہر رہے۔ اس مختصر سی بات چیت میں خاص طور پر اُن ادیبوں اور شاعروں کا ذکر مقصود ہے، جو ریاست جموں و کشمیر میں پیدا ہوئے۔ یہیں پلے بڑھے۔ اور یہیں رہکر لکھتے رہے۔ گھر کے اندر باہر کشمیری اور ڈوگری زبان بولتے رہے۔ لیکن جنہوں نے اردو کو اپنے افکار و تجربات کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔

آیئے پہلے شعرا کا ذکر کریں۔ شعرا کی فہرست کافی طویل ہے جو لگ بھگ اُنیسویں صدی کے اواخر سے دورِ حاضر تک مرتب کی جا سکتی ہے۔ آسانی اور تفہیم کے لئے ان شعرا کو میں نے تین ادوار میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے دور میں اُن شعرا کا نام لیا جا سکتا ہے۔ جن میں بہت سے بیسویں صدی کے آغاز تک شاعری کرتے رہے۔ ان میں اکثر و بیشتر کا ذکر گلشن کشمیر کے تذکرے میں درج ہے۔ یہ شعراء عام طور پر پُرانے رنگ میں لکھتے رہے۔ غزل ان کی محبوب صنف رہی ہے۔ اور عموماً روائتی انداز میں حسن و عشق۔ دُنیا کی بے ثباتی۔ غم زمانہ۔ موت اور تصوف کی باتیں کی گئی ہیں۔ ان میں پنڈت ہرگوپال کول خستہ، صادق علی خاں۔ مرزا مبارک بیگ۔ مرزا سعدالدین سعدؔ۔ راجہ شبیر علی خاں۔ تارا چند ترسل سالکؔ۔ کاشی ناتھ ترسل خوشترؔ۔ خانصاحب منشی سراج الدین۔ چوہدری خوشی محمد ناظرؔ۔ قمر قمرازی۔ ڈاکٹر عمادالدین سوز۔ شبیب کیفری۔ قیس شروانی۔ وشوا ناتھ در ماہ۔ اللہ رکھا

ساغر۔ نرسنگھ سہائے شوق اور دوسرے ہیں۔ ان میں کئی شعرا نے غزل کے علاوہ موضوعاتی نظمیں بھی لکھی ہیں۔ یہ نظمیں زیادہ تر نظیر اکبر آبادی اور آزاد اور حالی کی نظم جدید کی تحریک کے زیر اثر موسموں۔ مناظر فطرات۔ وطنیت اور دوسرے سماجی موضوعات پر لکھی گئی ہیں۔

دوسرے دور میں جو شعرا سامنے آتے ہیں۔ اُن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔ اثر صہبائی۔ طالب کشمیری۔ شرر کاشمیری۔ مرزا کمال الدین شیدا۔ میر غلام رسول نازکی۔ دینا ناتھ مست۔ منوہر لال دِل۔ رسا جاودانی۔ فطرت کاشمیری۔ کشن سمیل پوری طاؤس۔ عبدالغنی فاضلی۔ عبدالحق برق۔ عشرت کشتواڑی۔ آذر عسکری۔ محمد امین شمیم اور دوسرے۔ اثر صہبائی اور محمد امین شمیم کو چھوڑ کر باقی سبھی شعراء ابھی بقید حیات ہیں۔ اور بیسویں صدی کی دوسری یا تیسری دہائی سے لکھ رہے ہیں۔ ان میں کئی شعراء کے مجموعے چھپ کر اہلِ نظر سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ ان میں سے اکثر حضرات کی نگارشات ہندوستان کے موقر جرائد میں اہتمام کے ساتھ چھپتی رہی ہیں۔ اس دور کے شعرا میں دورِ اول کے شعراء کی نسبت فنی شعور میں زیادہ پختگی اور رچاؤ ہے۔ عام طور پر اس دور کے شعرا میں حیات و کائنات کے مسائل کو سمجھنے کا رجحان واضح نظر آتا ہے۔ اس کے علاوہ سیاسی اور معاشرتی شعور۔ قومیت اور انسان دوستی کے جذبات کا اظہار بھی ملتا ہے۔ طالب۔ مست۔ کشن سمیل پوری اور دوسرے شعراء نے خاص طور پر قومی اور سماجی مسائل پر بعض اچھی نظمیں لکھی ہیں۔ شہر روز کاشمیری۔ میر غلام رسول نازکی اور اثر صہبائی کے یہاں

فکر و فن میں تنوع - رچاؤ اور پھیلاؤ ملتا ہے - اور اردو کے ادبی حلقوں میں ان کی اہمیت مسلم ہے - تیسرے دور میں جدید نسل کے شعرا نظر آتے ہیں - ان میں تنہا انصاری - قیصر قلندر - مہندر رینہ - مبکش - عرش صہبائی - قاضی غلام محمد - اندرجیت لطف - سیفی سوپوری - اور شوریدہ کاشمیری قابلِ ذکر ہیں - آپ اجازت دیں - تو اس گروپ میں میں اپنا نام بھی شامل کروں - ان میں سے اکثر کا کلام معیاری رسالوں میں شایع ہوتا ہے - چند شعراء کے شعری مجموعے بھی چھپ چکے ہیں - اس دور کی شاعری میں رومانوی رجحانات زیادہ تابناک ہیں - یہ رومانویت زندگی کے حسن اور خارجی حقیقتوں کی پیچیدگیوں کے گہرے شعور سے تشکیل پاتی ہے - قیصر قلندر اس گروپ میں پیش پیش ہیں - اور جدید تر رجحانات اور رویوں پر بھی نظر رکھتے ہیں - قاضی غلام محمد مزاحیہ شاعر ہیں - اُن کے کلام میں سماجی شعور اور فنی چابکدستی نمایاں ہے - اِدھر چند برسوں سے کچھ اور نوعمر شعراء سامنے آئے ہیں - ان میں فرحت گیلانی - فاروق نازکی - صادق علی اصغر - عابد مناوری خصوصاً قابلِ ذکر ہیں -

نثر کے میدان میں بھی کچھ کم کام نہیں ہوا ہے - مذہبیات اور سیاسیات پر کتابچے اور رسالے چھپوائے گئے - تاریخیں چھپوائی گئیں - بے شمار درسی کتابیں شائع ہوئیں - انشائیہ اور تنقیدی مضامین لکھے گئے - ڈاکٹر شمس الدین احمد - امین کامل - حسن شاہ - رحمان راہی - علی محمد لون - قیصر قلندر - شمیم احمد شمیم - یوسف ٹینگ نے بھی اچھے مضامین لکھے ہیں - ڈرامہ نویسی میں محمد عمر نور الہٰی کی کتاب تانگہ ساگر ڈرامائی ادب میں ایک

افسانے کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایک طویل خاموشی کے بعد ۱۹۴۷ء کے بعد چند اچھے ریڈیائی اور سٹیج ڈرامے لکھے گئے۔ اور ان کے لکھنے والوں میں پریم ناتھ پردیسی۔ علی محمد لون اور سومناتھ زتشی قابلِ ذکر ہیں۔ پچھلے پندرہ بیس برسوں میں فکشن یعنی ناول اور افسانے میں بھی اہم اور قابلِ قدر کام ہوا ہے۔ اس سلسلے میں رامانند ساگر۔ پریم ناتھ در۔ پریمناتھ پردیسی۔ اور ٹھاکر پونچھی کے بعد موہن یاور۔ علی محمد لون۔ وید راہی۔ امیش کول۔ ہیشنکر ناتھ۔ نور شاہ۔ غلام رسول۔ سنتوش اور راقم کے نام لئے جا سکتے ہیں۔ ان میں کم و بیش سبھوں کے ناول اور افسانوی مجموعے اشاعت پذیر ہو چکے ہیں۔ اور جدید اردو ادب میں اپنی اہمیت تسلیم کروا چکے ہیں۔ ان میں سبھوں کی تخلیقات اردو کے مشہور رسالوں میں شایع ہوتی ہیں۔ ان ادیبوں نے تجربے کی گہرائی۔ فنی بصیرت اور شخصیت کے سوز و گداز کے ساتھ کشمیر کی فکری۔ تہذیبی اور معاشرتی زندگی کے بعض رنگین اور سنگین پہلوؤں کی مصوری کی ہے۔ رامانند ساگر۔ پریم ناتھ در اور پردیسی اردو کے صفِ اول کے افسانہ نگاروں میں شامل ہیں۔ دوسرے ادیبوں کی بعض تخلیقات اردو کے بہترین ادب میں شمار کی جا سکتی ہیں۔ کشمیری زبان کے اہم ادیب اختر محی الدین۔ بنسی نردوش اور صوفی غلام محمد کی بعض کہانیاں اردو کے قالب میں امتیازی حیثیت حاصل کر چکی ہیں۔

کشمیر میں اردو زبان و ادب کی نشو و نما میں صحافت کا بھی اہم رول رہا ہے۔ آج برسوں سے ریاست میں اردو اخبارات اور جرائد جس تعداد میں شایع ہوتے رہے ہیں۔

اُن کی فہرست اُور کارگزاران ہندوستان میں اُردُو کے کسی اور مرکز کی صحافت کے مقابلے میں پیش کی جا سکتی ہیں۔ رسالوں میں یہ نام قابلِ ذکر ہیں۔ رتنی۔ پریم۔ سویرا۔ جنت۔ کنول۔ گلریز۔ گنگ پوش۔ رہنمائے تعلیم۔ وکیل۔ دیہات سدھار۔ تعمیر۔ سنگم۔ لالہ رخ۔ پرتاپ۔ جھرنا۔ شیرازہ وغیرہ۔ روزنامہ اور ہفتہ وار اخباروں میں یہ نام معروف ہیں۔ رہبر۔ وتستا۔ صداقت۔ حقیقت۔ ہمدرد۔ خالد۔ جہانگیر۔ ابرق۔ ہدایت۔ کشمیر۔ دلیش۔ نور۔ امر۔ پاسبان۔ جمہور۔ نیا سنسار۔ خورشید۔ نوجوان۔ مارتنڈ۔ روشنی۔ خدمت۔ نوائے قوم۔ رنجیت۔ آفتاب۔ پیام انقلاب۔ مزدور۔ استاد۔ سندیش۔ مسلسل۔ چنار۔ آئینہ۔ نیا دور۔ الفطران وغیرہ۔

اس مقام پر ریاست کی ادبی انجمنوں اُور اداروں کا ذکر بے محل نہ ہوگا۔ جو یہاں کی ادبی اور تہذیبی سرگرمیوں کی ترویج میں اور نتیجے کے طور پر ادبی شعور کی تعمیر میں معاون رہے ہیں۔ اِن میں مختلف وقتوں میں حلقہ اربابِ ذوق۔ انجمن ترقی پسند مصنفین۔ کلچرل کانگریس۔ انجمن سیمابیہ۔ انجمن ترقی اردو۔ بزمِ اردو۔ انجمن فروغ اردو۔ بزم ادب۔ کلچرل اکیڈمی اور ریڈیو کشمیر وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ یہ ادارے اُور انجمنیں عام طور پر ادبی مباحثوں۔ تقریروں اور مشاعروں کا اہتمام کرتی رہی ہیں۔

اردو زبان کی تعمیر و تشکیل میں کسی ایک فرد۔ قوم۔ صوبے یا ایک لسانی گروپ کا ہی ہاتھ نہیں۔ یہ تمام ہندوستانیوں کی مشترکہ کوششوں سے صورت پذیر ہوئی ہے۔ یہ عوام کی زبان ہے۔ اور عوام جہاں کے بھی ہوں۔ خواہ پورب کے ہوں۔ پنجاب کے دِلّی کے۔ حیدر آباد یا بہار اور کشمیر کے

مادری زبانوں کے بعد اس زبان پر اپنا حق رکھتے ہیں۔ یہ مفروضہ اب ختم ہو چکا ہے۔ کہ اُردو ہندوستان کسی خاص خطے مثلاً یو۔پی کی زبان ہے، وہاں تو اب اسے علاقائی زبان کی حیثیت بھی حاصل نہیں۔ یہ زبان مُلک کے دوسرے حصوں میں بھی تہذیبی زندگی کی گہرائیوں میں اپنی جڑیں پھیلا چُکی ہے۔ اور مادری زبان کے بعد مروج اور مقبول ہے ہندی کے سرکاری زبان ہونے کے بعد اس زبان کا مستقبل کیا رہے گا۔ یہ سوال میرے موضوع سے خارج ہے۔ میں صرف اس بات پر زور ڈالنا چاہتا ہوں۔ کہ ملک کے مختلف حصّوں میں مادری زبان کے ساتھ ساتھ اُردو زبان مقامی خصوصیات اور اثرات کے تحت ادبی اظہارات کا وسیلہ بن چُکی ہے۔ اور ان علاقوں میں اُردو ادب کے ذخیرے میں برابر اضافہ ہو رہا ہے۔ کشمیر میں اس دور میں کئی ادیب اور شاعر ہیں۔ جو پورے اعتماد اور انہماک کے اس زبان میں لکھ رہے ہیں۔ اور ان کی تحریروں میں جو رچاؤ۔ پختگی اور روانی ہے، وہ اردو سے اُن کے مزاج کی مناسبت اور تخلیقی فقرے ہم آہنگی کو ظاہر کرتی ہے۔ یہ کہنا غلط نہیں کہ کشمیر کے اُردو ادیبوں اور شاعروں نے اُردو شعر و ادب کے ارتقاء میں اپنا رول ادا کیا ہے۔ اور خاص طور پر اپنے علاقے کی معاشرتی اور تہذیبی زندگی کے کئی پہلوؤں کو فنی شعور کے ساتھ اُجاگر کیا ہے۔ اور اس کا اعتراف اب اُردو کے بڑے نقاد بھی کر رہے ہیں۔

ختم شد

Published by the Regional Officer, Directorate of Field Publicity,
Government of India, J & K Region, Srinagar,
and printed at Modern Printing Press Pacca Danga, Jammu-Tawi.